سبق 6:

# سہ رخی چیزوں کی پہچان

نیچے چند ٹھوس چیزوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ ان سب کی شکلوں کے نام کو خالی جگہوں میں لکھیے۔





















اپنے گھر یا ارد گرد نظر آنے والی ذیل کی چیزوں کو اکٹھا کیجیے۔

ٹارچ کی پرانی بیٹری، ماچس کی خالی ڈبیہ، لوڈو کی گوٹ، گیند، ویکٹ، جیومیٹری بکس، ربر۔

ان تمام چیزوں کو غور سے دیکھیے اور نیچے کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

(i) صرف ہموار سطح والی ٹھوس چیزیں ______________________


(ii) صرف غیر ہموار سطح والی ٹھوس چیزیں ______________________

(iii) غیر ہموار اور ہموار دونوں سطحوں والی ٹھوس چیزیں ______________________

- ایک لکڑی کا بکس لیجیے۔ یہ ایک مستطیل نما مکعب کی شکل کا ہے۔ اسی طرح مستطیل نما مکعب کی شکل کی پانچ چیزوں کے نام لکھیے۔

______________________________________________

نیچے ایک مستطیل کی تصویر دی گئی ہے۔ اسے دیکھ کر اس کے مختلف حصوں کو پہچانیئے۔





اس کے کنارے جن نقطوں میں ملے ہیں، انھیں مستطیل نما مکعب کا راس کہا جاتا ہے۔ مستطیل نما مکعب کا ہر ایک پہلو یا اوپری حصے کو سطح کہتے ہیں۔

شمار کر کے لکھیے: مستطیل نما مکعب کے راس کی تعداد کتنی ہے؟ ______________

اس کے کناروں کی تعداد کتنی ہے؟ ______________

اس کے سطح کی تعداد کتنی ہے؟ ______________



- آپ نے لوڈو کی گوٹ دیکھی ہوگی۔ اس کو لے کر آپ نے لوڈو کھیلا بھی ہوگا۔ لوڈو کی گوٹ ایک کعب کی شکل ہے۔ اسے غور سے دیکھیے۔ لوڈو کی گوٹ میں لمبائی چوڑائی اور اونچائی موجود ہے۔ اس کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی برابر ہے۔


کعب کی شکل والی دوسری چند مختلف چیزوں کی مثالیں دیجیے۔

______________

شمار کر کے لکھیے: کعب کے راس کی تعداد کتنی ہے؟ ______________

اس کے کناروں کی تعداد کتنی ہے؟ ______________

اس کے سطح کی تعداد کتنی ہے؟ ______________




- اپنے اسکول کے جیومیٹری بکس کو آپ نے دیکھا ہوگا۔ اس میں موجود لکڑی سے تیار کردہ ایک مخروطی شکل کا سامان دیکھا ہوگا۔ آپ بھی مٹی سے ایک مخروطی شکل کا سامان تیار کیجیے۔ اپنے اردگرد پائی جانے والی چند مخروطی شکل کی چیزوں کے نام لکھیے۔

______________

شمار کر کے لکھیے: مخروط کے راس کی تعداد کتنی ہے؟

اس کے کناروں کی تعداد کتنی ہے؟

اس کے سطح کی تعداد کتنی ہے؟




- کرکٹ کے کھیل میں استعمال ہونے والی گیند بھی ایک طرح کی ٹھوس چیز ہے۔اس کی شکل گول یا کرہ نما ہے۔

اپنے چاروں اطراف پائی جانے والی گول شکل کی چند چیزوں کے نام لکھیے۔

____________________________

مشاہدہ کیجیے: گول چیزوں کا نہ کنارہ ہوتا ہے اور نہ راس۔اس کی صرف ایک غیر ہموار سطح ہوتی ہے۔

- سلینڈر کی شکل کا ایک سامان لیجیے۔اس کے کتنے کنارے اور کتنی سطحیں ہیں گن کر ذیل میں لکھیے۔

کناروں کی تعداد ☐ سطحوں کی تعداد ☐

غور کیجیے: سلینڈر نما چیزوں کا راس نہیں ہوتا ہے۔

نیچے کی ٹھوس نما چیزوں کو دیکھیے اور اسے ذیل کے خانہ میں لکھیے۔

| چیزوں کے نام | کس طرح کی ٹھوس چیز | راس کی تعداد | کنارہ کی تعداد | سطح کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| اینٹ | | | | |
| لوڈو گوٹی | | | | |
| بیلن نما ڈنڈا | | | | |
| فٹ بال | | | | |
| جوکر کی ٹوپی | | | | |


کعب، مستطیل، مکعب اور مخروط میں سطح کی تعداد، کناروں کی تعداد اور راس کی تعداد کے درمیان کیا تعلق ہے

معلوم کیجیے۔ ____________________________

ان تمام ٹھوس چیزوں میں راس کی تعداد، سطحوں کی تعداد کے حاصلِ جمع سے کناروں کی تعداد کو تفریق کرنے سے حاصلِ تفریق 2 ہوگا۔لیکن سلینڈر اور کرہ نما کے لیے یہ قاعدہ سچ نہیں ہوتا۔

## مشق

1۔ نیچے کی ہر تصویر کے پاس اس کی سطح کی تعداد، کناروں کی تعداد اور راس کی تعداد لکھیے۔

| سامان | سطح کی تعداد | کنارہ کی تعداد | راس کی تعداد |
|---|---|---|---|
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |

2۔ جواب لکھیے:

(i)۔ کس ٹھوس چیز کا راس نہیں ہوتا؟ ........................................

(ii)۔ کس ٹھوس چیز کا صرف ایک کنارہ ہوتا ہے؟ ........................................

(iii)۔ کس ٹھوس چیز کی تین سطحیں ہوتی ہیں؟ ........................................

(iv)۔ کس ٹھوس چیز کی صرف ایک ہی سطح ہوتی ہے؟ ........................................

(v)۔ کس ٹھوس چیز کا صرف ایک ہی راس ہوتا ہے؟ ........................................

(vi)۔ کس ٹھوس چیز کا دو کنارے ہوتے ہیں؟ ........................................

(vii)۔ کن کن ٹھوس چیزوں میں ہموار اور غیر ہموار دونوں قسم کی سطحیں ہوتی ہیں؟ ..............................

(viii)۔ کس ٹھوس چیز کی صرف ہموار سطح ہے؟ ........................................

(ix)۔ کس ٹھوس چیز کی صرف ایک غیر ہموار اور ایک ہموار سطح ہے؟ ........................................

3۔ ایک کعب، مستطیل نما مکعب، مخروط، اور سیلینڈر کی تصویر بنائیے۔